بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان

فون نمبر: 061-111122133


حوالہ نمبر: AM-1 1359 -1447/s

تاریخ: 22-02-1447
17-08-2025

گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کا دینی مدارس کے تحفظ حریت فکر اور آزادی نصاب ونظام کے لیے دیرینہ متفقہ فیصلہ ہے کہ دینی مدارس کی رجسٹریشن 1860ء کے سوسائٹی ایکٹ کے تحت کی جائے۔ چنانچہ حضرت اقدس مولانا فضل الرحمن صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی کوششوں اور شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہم العالیہ وشیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری دامت برکاتہم العالیہ ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مشاورت سے اسلام آباد کی حد تک اس پر قانون سازی ہو چکی ہے۔

اس قانون سازی کے بعد آئینی تقاضا ہے کہ تمام صوبوں میں قانون سازی کر کے اس کے مطابق دینی مدارس وجامعات کی رجسٹریشن کی جائے۔ وفاق المدارس اپنے اسی موقف پر قائم ہے۔

آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وفاق المدارس کے اس فیصلہ کے مطابق کسی دباؤ کو بروئے خاطر نہ لائیں اور رجسٹریشن کے لیے وفاق کی پالیسی پر عمل کریں۔ استقامت اور حکمت کا مظاہرہ فرمائیں۔

والسلام

عبدالمجید

ناظم مرکزی دفتر

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کاپی برائے اطلاع:

حضرت ناظم اعلیٰ وفاق دامت برکاتہم العالیہ

معزز ناظمین ومسئولین وفاق مدظلہم